© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ جنرل پرویز منتخب صدر ہیں۔ (شیخ رشید)

بنے بنائے صدر ہیں۔

☆ سرحد حکومت کے خاتمے کے لئے 6 ارکان کی کمی ہے۔ (شیخ رشید)

فکر کی ضرورت نہیں۔ خرید وفروخت جاری رہنی چاہیئے۔

☆ ہم کسی آمر کے سامنے سجدہ ریز نہیں ہوسکتے۔ (نوابزادہ نصر اللہ)

اِس راہنما سے مانگ' نہ اُس راہنما سے مانگ
شورشؔ جو مانگنا ہے اپنے خدا سے مانگ

☆ تاجر پر تشدّد...... کسی افسر یا اہل کار کو شہری کی عزت سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ (ڈی پی او جاوید شاہ)

ذہنی اور جسمانی طور پر اُس کا کچومر نکال دیں گے۔

☆ اسرائیلی وزیر اعظم شیرون' اسلحہ ڈیلروں کے ساتھ بھارت پہنچ گئے۔ (ایک خبر)

اور حکمران پوچھتے ہیں' یہودیوں سے ہماری کیا دشمنی ہے؟

☆ پاکستان نے ایف بی آئی کے پُراسرار آلات کی کلیئرنس دینے سے انکار کردیا۔ امریکی سفیر کا شوکت عزیز سے رابطہ۔ (ایک خبر)

ہانڈی وچ کوئی گھیو نہ پاوے
ساڈا شوکت آوے ای آوے

☆ کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے والے ارکان کو نااہل کرسکتا ہوں۔ (چودھری امیر حسین' سپیکر)

صرف اُوپر سے اشارے کا انتظار ہے۔

☆ میرے جدید روشن خیال اسلامی مملکت کے تصوّر کو فوج کی مکمل تائید حاصل ہے۔ (پرویز مشرف)

پاپوش میں لگائی کرن آفتاب کی
جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی

☆ سرحد حکومت دو نفلوں کی مار ہے۔ (شیخ رشید)

سرحد حکومت دو نفلوں کی مار ہے تو شیخ رشید چار تکبیروں کی مار ہیں (حافظ حسین احمد)

☆ صدر پرویز وردی کی جگہ چاہے غلافِ کعبہ پہن کر آجائیں تو بھی قبول نہیں۔ (مولانا سمیع الحق)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شیر کی کھال پہن کر بھی شیر نہیں بنا جا سکتا۔

☆حکمران ایک طرف ہمیں مذاکرات کی دعوت دے رہے ہیں جب کہ دوسری طرف شیخ رشید کو کُھلا چھوڑ دیتے ہیں۔(مولانا فضل الرحمٰن)

تبصرے کی ضرورت نہیں!

☆ تھانیدار پر شہری کو ہراساں کر کے رشوت لینے کا الزام!(ایک خبر)

ہراساں کر کے رشوت نہیں لینی چاہیے تھی۔

☆کسی کو اسلام کا ٹھیکیدار نہیں بننے دیں گے، ہم کچھ کم مسلمان نہیں۔(چودھری شجاعت)

منہ پر ہاتھ پھیریں اور پھر کہیں ''ہم کچھ کم مسلمان نہیں''

☆ پیپلز پارٹی پیٹریاٹ سے اتحاد، پاکستان کے ساتھ پیٹریاٹ ازم کے تحت کیا۔(چودھری شجاعت)

جھوٹ سے کیا فائدہ؟ سیدھا کہیں اقتدار کی خاطر کیا۔

☆نیب زدہ کابینہ مشرف سے وردی پر بات نہیں کر سکتی۔(شجاع الملک)

کہ وردی کے صدقے تو وہ کابینہ میں آئے ہیں۔

☆عوام کا پیسہ اُن پر خرچ نہ کرنے والوں کے گریبان پکڑیں گے۔(فیصل صالح حیات)

اپنا گریبان پکڑنے والوں کو لوگ دیوانہ کہتے ہیں۔

☆اسمبلیوں میں بیٹھے چور، رسہ گیر اور شرابی، اسلامی نظام نہیں آنے دیں گے۔(مولانا عبداللہ)

ورنہ چھپن سال پہلے آ گیا ہوتا!

☆ جمالی بااختیار وزیراعظم ہیں۔(صدر پرویز)

وہ تو نظر ہی آ رہے ہیں۔

☆ ننگے تھانیدار نے روٹی کی اُجرت مانگنے پر ہوٹل مالک کے بیٹوں کی پٹائی کر دی۔(ایک خبر)

تھانیدار سے روٹی کی اُجرت مانگنا واقعی زیادتی ہے۔

☆عراق کی آزادی کی جنگ جدید دور کا سب سے بڑا جھوٹ ہے۔(امریکی فوجی اہلکار)

''جس تن لاگے سو تن جانے''

☆رضا حیات کی غیر حاضری سے پارلیمنٹ میں قانون سازی نہ ہو سکی۔(ایک خبر)

کوئی قابل آدمی لگتے ہیں!

☆امریکہ ہمیں ٹارگٹ نہیں بنائے گا۔(پرویز مشرف)

''دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے''



© rasailojaraid.com